## سوال

(916) عورت گھر سے نکلتے وقت کیسا پردہ کرے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کےلیے گھر سے باہر نکلتے ہوئے پردے کےلیے جرابیں اور دستانے پہننا جائز ہے؟ یا بدعت ہے؟ اور کیا جب ہاتھوں پر کوئی زینت نہ ہو تب بھی اجنبی کا انہیں دیکھنا حرام ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کےلیے ایسا لباس پہننا واجب ہے جو اس کے بدن اور محاسن کو چھپا لے، بالخصوص جب اس نے بازار وغیرہ جانا ہو۔ اس میں پاؤں کی جرابیں اور ہاتھوں کے دستانے بھی شامل ہیں، تاکہ اس کے جسم کا کوئی بھی حصہ جو فتنے کا باعث ہو سکتا ہو ظاہر نہ ہوں۔ البتہ ضرورت کے تحت ہاتھوں کو دستانے کے بغیر بھی ظاہر کرنا جائز ہے، جبکہ انہیں مہندی یا زیور وغیرہ سے مزین نہ کیا گیا ہو۔ "ہاتھ" لوگوں میں بالعموم ایک دوسرے سے مشابہ ہوتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 650

### محدث فتویٰ